2196 ـ شمالی برطانیا میں نماز فجر کا وقت شروع ہونے میں کیا چیز معتبر شمار ہو گی ؟

سوال

میں جناب والا کے سامنے نماز عشاء اور فجر کی ایك مشکل پیش کرنا چاہتا ہوں جو ہمیں یہاں برطانیا کے علاقے نیوکسل میں پیش آتی ہے، یہاں نیوکسل میں مسلمان نماز عشاء اور فجر کے وقت کی تحدید کرنے میں شدید مشکل سے دوچار ہیں، اور اسی طرح انہیں سحری بند ہونے کا وقت معلوم کرنے میں بھی مشکل درپیش ہے.
اس کا سبب یہ ہے کہ سورج نکلنے سے قبل ہی زمین پر روشنی پھیل جاتی ہے، اور سورج غروب ہونے کے بعد بھی بہت دیر تك روشنی رہتی ہے اور بعض اوقات تو ساری رات ہی روشنی رہتی ہے.
ماہر فلکیات نے یہاں اس مدت یعنی روشنی کی ابتدا سے لیکر سورج طلوع ہونے، اور غروب آفتاب سے لیکر روشنی ختم ہونے تك کی مدت کو تین قسموں میں تقسیم کیا ہے:
پہلی قسم:
روشنی اتنی ہوتی ہے کہ کسی فرد کے لیے کوئی بھی کام کرنا ممکن ہوتا ہے.
دوسری قسم:
اتنی روشنی ہوتی ہے کہ روشنی میں کیا جانے والا کوئی کام بھی کرنا ممکن نہیں ہوتا. تیسری قسم:
مکمل طور پر اندھیرا ہو جانا.
سوال یہ ہے کہ:
اس فلکی تقسیم کے اعتبار سے نماز فجر اور عشاء اور سحری ختم ہونے کا وقت کس طرح متعین کیا جا سکتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

نمازوں کے اوقات کی تحدید کے لیے فلکی تقسیم کی کوئی ضرورت نہیں بلکہ نماز فجر کے وقت کی تحدید کے لیے وہ روشنی معتبر ہو گی جو افق میں مشرق کی جانب (شمال سے جنوب کی جانب پھیلی) ہو جب یہ واضح اور متمیز ہوتی ہو، اور یہ وقت طلوع آفتاب کے وقت ختم ہو جائیگا.

اور مغرب کا وقت سورج کی ٹکیا غروب ہونے سے شروع ہوتا ہے، اس میں سورج کی ٹکیا غائب ہونے کے بعد والی روشنی باقی رہنے کا اعتبار نہیں کیا جائیگا، اور نماز عشاء کا وقت غروب آفتاب کے بعد افق پر ظاہر ہونے والی سرخی غائب ہونے کے وقت شروع ہو گا، جب یہ واضح اور متمیز ہو.

اور روزے کے لیے سحری ختم ہونے اور باقی اشیاء سے رکنے کا وقت طلوع فجر کے وقت سے شروع ہو گا جو ابھی بیان کیا گیا ہے، اور افطاری کا وقت سورج کی ٹکیا غائب ہونے کے وقت ہو گا، چاہے سورج غروب ہونے کے بعد اس کی روشنی باقی بھی رہے.